12624-قبرستان کے شروع میں ہی ایک بار مردوں کو سلام کرنا کافی ہے

سوال

کیا قبرستان کے شروع میں ایک بار ہی مردوں کو سلام کرنا (یعنی قبرستان والی دعا پڑھنا) کافی ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ :

یہی کافی ہے اوراس طرح زیارت ہوجاتی ہے ، اوراگر قبریں دوردور ہوں توپھر سب طرف سے قبروں کی زیارت کرنے میں کوئی حرج نہیں.

دیکھیں : کتاب

مجموع فتاوی ومقالات متنوعۃ فضیلۃ الشیخ عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز رحمہ اللہ تعالی (335/13).

اورشیخ رحمہ اللہ تعالی سے یہ بھی سوال کیا گیا کہ :

کیا قبروں کی زیارت کرتے وقت زائر کے لیے اس قبر تک پہنچنا مشروع ہے.جس کی زیارت کرنا مقصود تھی ؟

توشیخ رحمہ اللہ تعالی کا جواب تھا :

پہلی قبر کے پاس ہی کافی ہے ، اوراگر وہ اس قبر تک جانا چاہے.جس کی زیارت کرنا مقصود ہو تواس میں کوئی حرج نہیں ہے .